ilmkidunya
علم کی دنیا

Islamiat (Urdu Medium) - 11th Class Islamiat Chapter 1 Short Questions Preparation

Q1. شرک فی الذات سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: شرک فی الذات سے مراد اللہ کی حقیقت میں کسی دوسرے کوحصہ دار سمجھنا،اس کی صورت یہ ہے کہ کسی دورسرے میں یہی حقیقت مان کر اسے اللہ کا ہمسر اور برابر سمجھنا اور دوسری صورت یہ ہے کہ اللہ کو کسی کی اولاد سمجھنا یا کسی کو اللہ کی اولاد سمجھنا،اسی طرح دو یا دوسے زائد خداؤں کا ماننا.

Q2. وحی کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم لکھیں.

Ans 1: وحی کے لغوی معنی دل میں چپکے سے بات ڈالنا اور اشارہ کرنے کے ہیں اور اصطلاح میں اس سے مراد الہ کا وہ پیغام ہے کو اس نے اپنے کسی رسول کی طرف فرشتے کے ذریعے نازل کیا ہو یا براہ راست اس کے دل میں ڈال دیا ہو یا کسی پردے کے پیچھے ست است سنوادیا ہو.

Q3. ختم نبوت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

Ans 1: ختم نوت کے بارے میں ہم جانتے ہیں کہ نبوت کا جو سلسلہ حضرت آدم(ع)سے شروع ہواتھاوحضرت محمد(ص) پر ختم ہوگیا،آپ(ص)اللہ کے آخری نبی ہیں،آپ(ص) پر دین کی تکمیل ہوئی.

Q4. انبیاء اکرام کی چار خصوصیات لکھیں.

Ans 1: 1.امین.4 واجب اطاعت.3 معصومیت.2 بشریت

Q5. اسلام میں عقیدہ آخرت کی اہمیت بیان کریں.

Ans 1: آخرت پر ایمان رکھنا اسلام کی نہایت اہم تعلیم ہے.قرآن مجید میں اس کی اہمیت پر زار دیا گیا ہے،سورۃ بقرہ میں متقین کی تعریف کرتے ہوئے ارشاد ہوا" ترجمہ: اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں.

Q6. شرک کی دو اقسام لکھیں.

Ans 1: شرک کی دو اقسام درج ذیل ہیں. 1.شرک فی الذات 2.شرک فی الصفات

Q7. ختم نبوت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: عقیدہ ختم نبوت سے مراد یہ ہے کہ حضرت آدم(ع) سے نبوت کا جو سلسلہ شروع ہوا،اور یکے بعد دیگر کئے انبیاء آئے،یہ سلسلہ حضرت محمد(ص) پر ختم ہوگیا،آپ(ص) کوایک جامع اور ہمیشہ رہنے والی کتاب دی گئی اور کامل شریعت سے نوازا گیا،آپ(ص) پر دین کی تکمیل ہوگئی اور آپ(ص) سے پہلی شریعتیں منسوخ ہوگئیں.

Q8. کتاب اعجاز سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: قرآن مجید فصاحت و بلاغت کا وہ شاہکار ہے جس کا مقابلہ کرنے سے عرب و عجم کے تمام فصیح و بلیغ لوگ عاجز رہے.قرآن مجید میں سب مخالفوں کو دعوت دی گئی ہے کہ ایک چھوٹی سی قرآنی سورت کے مقابلہ میں کوئی سورت بنا لاؤ مگر کوئی بھی اس کی مثال پیش نہیں کر سکا.

Q9. چار مشہور آسمانی کتب کے نام تحریر کریں.

Ans 1: (توریت: حضرت موسی(ع) پر نازل ہوئی زبور: حضرت داؤد (ع) پر نازل ہوئی انجیل: حضرت عیسی (ع) پر نازل ہوئی قرآن مجید: حضرت محمد(ص

Q10. ترجمہ کریں- اِنَّ الْاَ بْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ.

Ans 1: ترجمہ کریں: بے شک نیک لوگ بہشت میں ہیں.